First Terminal Evaluation 2019-20
First Language Part I (URDU)
STD X

Model Answers

Prepared by : Faisal Vafa, HST Urdu, GHSS Chalissery, Palakkad – 679536
Ph: 9846907761, faisalvafa@gmail.com

1۔ لکشمی، ساجن۔

2۔ بچپن

3۔ آپ بیتی

4۔ a) ساجن اسکول میں پڑھ رہا تھا۔

5۔

سماجی خدمت گار	فلمی گیت کار
بابا آمٹے	ندا فاضلی
نلسن منڈیلا	جاوید اختر

6۔ b) جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی   کس کس طرح سے اس کو ستاتی ہے مفلسی

7۔

الف	ب
کاغذ کی کشتی	سدرشن فاخر
غریبوں کا مسیحا	ندا فاضلی
ستاتی ہے مفلسی	نظیر اکبر آبادی
کابلی والا	ربیندر ناتھ ٹیگور

8۔ a) کابلی والا   رحمت   کہانی

b) آپ بیتی   لکشمی   محنت رنگ لائی

9۔ a) منّی اور ربیندر ناتھ ٹیگور

b) کہانی 'کابلی والا' میں میرا پسندیدہ کردار رحمت ہے۔
وہ گھر گھر گھوم کر چادر اور خشک میوے بیچتا ہے اور اپنی زندگی گذارتا ہے۔
وہ کابل کا رہنے والا ہے۔ وہ ایک بنجارہ آدمی ہے۔ وہ پانچ برس عمر والی منّی کا دوست بھی ہے۔

10۔ میں ....ہوں۔ میرا ابّا ایک دکاندار ہے۔ میرے ابّا کا نام.................اور امّی کا نام................ہے۔ ہم گاؤں میں رہتے ہیں۔ میرے ایک بھائی اور ایک بہن بھی ہیں۔ میں دسویں جماعت میں پڑھ رہا ہوں۔ میرے اسکول کا نام...........................ہے۔......

11۔ مدر تریسا ایک انسانی خدمت گار تھی۔ انھوں نے اپنی زندگی بیماروں اور لاچاروں کے لیے وقف کر دی تھی۔ وہ زندگی کی مشکلات اور مصائب کی وجہ سے پریشان لوگوں کے آنسو پونچھتی تھی۔

دنیا انھیں 'غریبوں کا مسیحا' کہہ رہی ہے۔...............

12۔ بچپن کا زمانہ خوشی کا زمانہ ہے۔ سب لوگ اپنے بچپن کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔
کیوں کہ بچپن دنیا کے فکروں سے آزاد ہے۔ اس زمانے میں رشتوں کا بندھن نہیں ہوتا ہے۔
یہ محبوب اور مرغوب زمانہ ہے۔...............

13۔ علاّمہ اقبال اردو کا مشہور شاعر ہے۔ وہ ایک محبِّ وطن شاعر ہے۔
ان کی پیدائش 9 نومبر 1877ء کو پنجاب کی سیال کوٹ میں ہوئی تھی۔
'بانگِ درا' ان کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ یہ بچّوں کے لیے لکھی ہوئی نظموں کا مجموعہ ہے۔
ان کا انتقال 21 اپریل 1938ء کو لاہور میں ہوا۔...............

یا

نظیر اکبر آبادی اردو کا مشہور شاعر ہے۔ ان کی پیدائش 1740ء کو دہلی میں ہوئی۔ ان کا اصلی نام ولی محمد تھا۔
اردو میں نظم نگاری کا باقاعدہ آغاز ان سے ہوا تھا۔ ان کی شاعری میں ہندوستانی تہذیب کی جھلک ملتی ہے۔
وہ عوامی شاعر اور نیچرل شاعری کا امام تھے۔ 1830ء کو آگرہ میں ان کا انتقال ہوا۔............

یا

سدرشن فاخر اردو کا مشہور شاعر اور گیت کار ہے۔ ان کی پیدائش پنجاب کی فروز پور میں 1934ء کو ہوئی۔
انھوں نے غزلیں، گیت اور نظمیں لکھی ہیں۔ این سی سی کا گیت "ہم سب بھارتی ہیں" ان کا لکھا ہوا ہے۔
18 فروری 2008ء کو جالندھر میں ان کا انتقال ہوا۔...............

14۔ a) کابلی والے کا نام رحمت ہے۔
b) محاورہ "زمین آسمان کا فرق" بڑا فرق مراد لیتا ہے۔
مثال کے طور پر ایک جملہ ملاحظہ ہو: کار اور ریل گاڑی کی لمبائی میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔

15۔ یہ شعر مشہور شاعر نظیر اکبر آبادی کا لکھا ہوا ہے۔ ان کی نظم 'مفلسی' کا یہ شعر بڑا فکر انگیز ہے۔ مفلسی کی وجہ سے انسانی زندگی میں بہت سی مشکلات اور مسائل پیش آتے ہیں۔ مفلسی کی حالت میں لوگ اپنی آن بان پر توجہ نہیں دینے والے ہیں۔ کھانے پینے کی چیزوں کے لیے وہ اپنی جان قربان دینے کو بھی تیار ہوتے ہیں۔.............

16۔ a) اس شعر کا شاعر سدرشن فاخر ہے۔
b) اس شعر میں چڑیا اور بلبل جیسے پرندوں کے نام آئے ہیں۔
c) ہم بچپن میں طرح طرح کے کھیلوں میں مصروف ہوتے تھے۔
کڑی دھوپ میں گھر سے نکلتے تھے۔ چڑیوں، بلبلوں اور تتلیوں کو پکڑتے تھے۔
گڑیا کی شادی سجاتے اور شادی میں شور مچاتے لڑتے جھگڑتے تھے۔
پیڑوں کی شاخوں پر جھولے بنا کر جھولتے اور جھلاتے تھے۔
کبھی کبھی جھولوں سے گرتے تھے اور گرنے کے بعد سنبھلتے تھے۔...........

17۔ 1) ساجن کہاں پڑھ رہا تھا؟
2) شام کو ساجن کیسے اسکول سے گھر لوٹ آیا؟
3) الطاف کون ہے؟
4) الطاف نے ساجن کو نئے کپڑے کیوں لا کر دیے تھے؟ ....

18۔ a) اس شعر کا شاعر ندا فاضلی ہے۔
b) مدر تریسا 'غریبوں کا مسیحا' کے نام سے مشہور ہے۔
کیوں کہ وہ دھوپ میں سائے کی طرح غریبوں اور لاچاروں کی مشکلات میں سہارا بن جاتی تھی۔
وہ رونے والوں کے دکھ درد سمجھتی تھی اور ان کی تسلّی دیتی تھی۔.........

19۔
کابل
31 اگست 1900ء
آداب عرض ہے منّی بیٹی!
میری امید ہے کہ تم اور گھر والے خیریت سے ہوں گے! میں دو دن پہلے اپنے گھر میں پہنچ گیا ہوں۔ میں نے اپنی بیٹی کو منّی کے بارے میں بتا دیا۔ وہ تم سے ملنا چاہتی ہے۔ میں چھے مہینوں کے بعد کلکتہ واپس آؤں گا۔ اس وقت تمھارے لیے کیا کیا لے آنا ہے؟
میں تمھارے جوابی خط کا انتظار کر رہا ہوں۔ بابو جی سے میرا اسلام کہنا ہے۔
بڑے پیار سے
تمھارا کابلی والا

20۔ ربیندر ناتھ ٹیگور دنیا کا بہت مشہور ادیب تھا۔
وہ بنگالی ادب کے مشہور شاعر، افسانہ نگار اور ناول نگار تھے۔
وہ 7 مئی 1861ء کو کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ ان کا مشہور شعری مجموعہ 'گیتا نجلی' ہے۔
وہ انگریز ادب کا بھی روشن ستارہ تھا۔ 1913ء میں انھیں نوبیل پرائز ایوارڈ ملا۔
ان کا انتقال 7 اگست 1941ء کو ہوا۔.....................

جی۔ ایچ۔ ایس۔ چالی شیری

اردو کلب کا افتتاح

بتاریخ 9 نومبر 2019ء بروز سنیچر

بوقت صبح 10 بجے

بمقام اسکول آڈیٹوریم

افتتاح : ساجن IAS (محترم ضلع کلکٹر)

صدارت : سلیم صاحب (صدرِ پنچایت)

تہنیتی تقریر: جوزف ماسٹر (ہیڈ ماسٹر)

بچّوں کے مختلف پروگرام

آپ کی شرکت سے تقریب کو چار چاند لگائیں...!

سکریٹری

اردو کلب

***